بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

سیکرٹری

نمبر 91- آر۔آئی

مورخہ 19/11/2021

سرکلر

اطلاعاً تحریر ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام یومِ اقبال کے حوالہ سے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ لیول کے کلامِ اقبال اور پینٹنگ کے مقابلہ جات منعقد ہونگے۔ بورڈ سے الحاق شدہ (گورنمنٹ/پرائیویٹ) ادارہ جات کے طلباوطالبات ان مقابلہ جات میں شرکت کے اہل ہوں گے۔ مقابلہ جات میں اوّل، دوم اور سوم پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباوطالبات کو بالترتیب مبلغ-/3,000، -/2500 اور -/2000 روپے بطور انعام اور تعریفی اسناد سے نوازا جائے گا۔

1۔مقابلہ اقبالیات: (طلباوطالبات کلام اقبال کو تحت اللفظ یا ترنم سے پڑھ سکتے ہیں۔ وقتِ مقابلہ منصفین اشعار کی تعداد کا تعین کریں گے)

میٹرک لیول : کلامِ اقبال میں سے اردو کی کوئی نظم

انٹرمیڈیٹ لیول : کلامِ اقبال میں سے اردو کی کوئی نظم

میٹرک لیول کا مقابلہ اقبالیات مورخہ 24.11.2021 بروز بدھ اور انٹرمیڈیٹ لیول کا مقابلہ مورخہ 27.11.2021 بروز ہفتہ کو بورڈ ہذا کے آڈیٹوریم میں بوقت 9:00 بجے منعقد ہوگا۔ جس کے لئے ڈویژن بھر کے ہر ادارہ سے ایک طالب علم/طالبہ شرکت کار کی اہل ہوگا/گی۔ بورڈ سے ملحقہ ہر ادارہ مقابلہ پینٹنگ میں شرکت کے خواہش مند طلباوطالبات کے کوائف Excel Format میں ای میل ایڈریس literarycompetitionbisefsd@gmail.com پر مورخہ 22.11.2021 تک ارسال کرسکتا ہے۔

2۔مقابلہ پینٹنگ: (Theme For Painting Competition)

میٹرک لیول : ڈینگی سے ڈرنا نہیں لڑنا ہے۔

انٹرمیڈیٹ لیول : موج بڑھے یا آندھی آئے، دیا جلائے رکھنا ہے - گھر کی خاطر سو دکھ جھیلیں، گھر تو آخر اپنا ہے۔

میٹرک لیول کا مقابلہ پینٹنگ مورخہ 24.11.2021 بروز بدھ اور انٹرمیڈیٹ لیول کا مقابلہ مورخہ 27.11.2021 بروز ہفتہ کو بورڈ ہذا کی لائبریری میں بوقت 9:00 بجے منعقد ہوگا۔ جس کے لئے ڈویژن بھر کے ہر ادارہ سے ایک طالب علم/طالبہ شرکت کار کی اہل ہوگا/گی۔ بورڈ سے ملحقہ ہر ادارہ مقابلہ پینٹنگ میں شرکت کے خواہش مند طلباوطالبات کے کوائف Excel Format میں ای میل ایڈریس literarycompetitionbisefsd@gmail.com پر مورخہ 22.11.2021 تک ارسال کرسکتا ہے۔

قواعد وضوابط:

1۔ میٹرک لیول کے مقابلہ جات میں کلاس نہم ودہم کے طلباوطالبات شرکت کے اہل ہونگے۔

2۔ انٹرمیڈیٹ لیول کے مقابلہ جات میں کلاس گیارہویں اور بارہویں کے طلباوطالبات شرکت کے اہل ہونگے

3۔ ہائی سکولز اور کالجز سے ایک ایک طالب علم جبکہ ہائیر سیکنڈری سکولز سے ایک طالب علم میٹرک لیول اور ایک طالب علم انٹرمیڈیٹ لیول میں شرکت کرسکتا ہے۔ مقابلہ جات میں شمولیت کی کوئی فیس نہ ہے۔

4۔ مقابلہ پینٹنگ کے لئے شیٹ بورڈ دفتر مہیا کرے گا باقی ضروری اشیاء مثلاً کلر، پنسل، ربڑ وغیرہ طلباوطالبات اپنے ہمراہ خود لے کر آئیں گے۔

5۔ پینٹنگ کے لئے میڈیا واٹر کلر یا پنسل کلر ہوگا۔

6۔ مقابلہ پینٹنگ کا دورانیہ ایک گھنٹہ اور منصفین کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ وقت کی پابندی کو ملحوظ خاطر رکھنا ہوگا۔

7۔ طلباوطالبات کسی ادارہ کی مخصوص یونیفارم جس سے ادارہ کی شناخت ہوسکے، پہن کر شرکت کے اہل نہیں ہوں گے۔

8۔ مقابلہ میں شرکت کے لئے ہر طالب علم کو سربراہ ادارہ سے اجازت نامہ ساتھ لانا ہوگا جس پر طالبعلم کے مکمل کوائف اور تصویر چسپاں ہو۔

9۔ اقبالیات میں کسی شعر کو دہرانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

10۔ طلباوطالبات وسٹاف Covid-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے حکومتِ پنجاب کی طرف سے جاری کردہ تمام ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے۔ شرکاء آپس میں مناسب فاصلہ رکھیں، مصافحہ نہ کریں نیز ماسک کے بغیر داخلہ ممنوع ہوگا۔

11۔ اس سلسلہ میں مزید معلومات کے لئے ریسرچ برانچ کے فون نمبر 041-9330250 پر دفتری اوقات کار کے دوران رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

(پروفیسر ڈاکٹر سلیم تقی شاہ)

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:

1۔ ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد
2۔ ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ
3۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ
4۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ
5۔ سربراہان ادارہ جات 6۔ پریس/پرنٹ والیکٹرونک میڈیا